**نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ (schoolsaccount.nyc) تشکیل دینے میں والدین کے لیے رہنمائی**

## نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ کیا ہے؟

نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ (NYCSA) محکمئہ تعلیم کی ایک اپلیکیشن ہے جو کسی بھی آلے پر آپکو اپنے بچے کے بارے میں اہم معلومات تک رسائی فراہم کرتی ہے۔ ویب سائٹ نو زبانوں میں قابل رسائی ہے۔


## نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ کیوں اہم ہے؟


نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ آپکو اپنے بچے کے گریڈز، رپورٹ کارڈز، حاضری کی روداد، امتحان کے اسکورز، نقل وحمل خدمات کی معلومات، IEP معلومات پر نظر رکھنے، COVID اجازت کا فارم جمع کروانے، اپنے بچے کی سندیافتگی کی جانب پیش رفت پر نظر رکھنے اور بہت کچھ کرنے کا موقع دیتا ہے۔

اس سال، نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ ہی 2023 تعلیمی کونسل انتخابات میں درخواست اور ووٹ دینے کا واحد طریقہ ہے۔

آئیے ہم آپ کو آپکے نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ کے لیے سائن اپ کریں! ذیلی اقدامات پر عمل کریں!

1. https://www.schoolsaccount.nyc/ پر جائیں
اپنی گھریلو زبان کو اسکرین پر دیکھنے کا انتخاب کرنے کے لیے ڈراپ ڈاؤن خانے کو استعمال کریں۔




2. "نیا اکاونٹ بنائیں" (Create New Account) پر کلک کریں۔



3. اپنا نام، سیل فون نمبر اور ای میل درج کریں، اور پھر"ای میل کی تصدیق کریں" (Validate Email) بٹن پر کلک کریں۔



4. [NYCSA@schools.nyc.gov](mailto:NYCSA@schools.nyc.gov) کی جانب سے 6 عددی کوڈ کے لیے ایک پیغام کو دیکھنے کے لیے اپنا ای میل دیکھیں۔


Verification Number from NYC Schools Account Inbox x

NYCSA@schools.nyc.gov
to me


10:54 AM (1 minute ago)

Hello,

Your verification number is [ ] Please enter this number on the NYC Schools Account website to continue. For your security, this number will expire in 20 minutes.

Thank you.

.5 اس کوڈ کو "ای میل کی تصدیق کا نمبر" (Email Verification Number) کے خانے میں درج کریں۔ اسکے بعد "جمع کروائیں" (Submit) پر کلک کریں۔



6. رہنمائی خطوط کی پیروی کرتے ہوئے ایک پاس ورڈ بنائیں۔




7. 3 حفاظتی سوالات منتخب کریں اور جوابات فراہم کریں۔ اپنے پاس ورڈ اور حفاظتی سوالات کے جوابات کو لکھنا اور انہیں مانوس جگہ پر محفوظ کرنا یقینی بنائیں۔



8. اگر آپکے پاس اپنے بچے کا طالبِ علم آئی ڈی نمبر (OSIS) اور اکاونٹ تخلیق کوڈ نہیں ہے، آپ "کوڈ کے بغیر جاری رکھیں" (Continue Without Code) پر کلک کرسکتے ہیں۔ آپکے والدین رابطہ کار یہ معلومات فراہم کرنے کے لیے آپ سے رابطہ کریں گے۔





9. ہر بچے کا طالب علم آئی ڈی نمبر (OSIS) درج کریں۔ آپ یہ نمبر کسی بھی رپورٹ کارڈ پر دیکھ سکتے ہیں یا اپنے والدین رابطہ کار سے رابطہ کریں۔



10. اپنے والدین رابطہ کار کا (بذریعہ ای میل) فراہم کردہ اپنا اکاونٹ تخلیق کوڈ درج کریں۔ اسکے بعد"اکاونٹ تخلیق کریں" (Create Account) پر کلک کریں۔




11. مبارک ہو! آپ نے کامیابی سے اپنا اکاونٹ بنا لیا ہے!



12. اپنا اکاونٹ استعمال کرنا شروع کرنے اور اپنے بچے کی معلومات دیکھنے کے لیے سائن ان کریں۔

